# WEST BENGAL COUNCIL OF HIGHER SECONDARY EDUCATION

## Model Question Paper

**CLASS : XII, SEMESTER : IV**

**Subject : URDU**

**Time:2Hrs.** **F.M:40**

### S.A.Q

### (PROSE)

1- درج ذیل سے کسی دو سوالوں کے جواب لکھیے: 2×2=4

(i) "غبارِ خاطر" کیا ہے اور یہ کس کی تصنیف ہے؟

(ii) رشید احمد صدیقی کی جائے وفات تحریر کیجیے۔ ان کے خاکوں کا پہلا مجموعہ کس نام سے چھپا؟

(iii) " گزشتہ سال جب اگست میں یہاں آئے تھے تو چڑیوں کی آشیاں سازیوں نے بہت پریشان کر دیا تھا"۔
" گزشتہ سال" سے کون سا سال مراد ہے؟ " آشیاں سازی" کے کیا معنی ہیں؟

(iv) " آشفتہ بیانی میری" کا تعلق کس صنفِ ادب سے ہے؟ یہ کس کی تصنیف ہے؟

### POETRY

2- درج ذیل سے کسی دو سوالوں کے جواب لکھیے: 2×2=4

(i) علامہ اقبال کی پیدائش کب ہوئی؟ انہوں نے پی۔ ایچ۔ ڈی کس یونیورسٹی سے حاصل کی تھی؟

(ii) غالب کا اصل نام تحریر کیجیے۔ ان کی عرفیت کیا ہے؟

(iii) فیض کے پہلے شعری مجموعے کا نام کیا ہے؟ ان کا کلیات کس نام سے چھپا؟

(iv) "طوطیِ بنگالہ" کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟ ان کا انتقال کہاں ہوا؟

3- درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے: 1×1=1

(i) دیا شنکر نسیم کی شہرت کس صنفِ سخن سے ہے؟ وہ کس دبستان سے تعلق رکھتے ہیں؟

(ii) حالی کا اصل نام بتائیے۔ وہ کس ادبی تحریک سے وابستہ تھے؟

### FICTION

4- درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے: 2×1=2

(i) پریم چند کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

(ii) پریم چند پہلے کس نام سے کہانیاں لکھا کرتے تھے؟ ان کا کون سا افسانہ آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

### HISTORY OF URDU LITERATURE

5- درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے: 2×1=2

(i) ترقی پسند تحریک کے بنیاد گزار کون تھے؟ اس تحریک کے کل کتنے مقاصد تھے؟

(ii) ترقی پسند تحریک کا پہلا جلسہ کہاں اور کس کی صدارت میں ہوا تھا؟

### GRAMMAR

6- درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے: 2×1=2

(i) اردو کے لغوی معنی کیا ہیں؟ یہ کس زبان کا لفظ ہے؟

(ii) اردو کے دو ماہر لسانیات کے نام بتائیے۔

## DESCRIPTIVE TYPE QUESTIONS

### (PROSE)

-7 درج ذیل سے کسی دوسوالوں کے جواب لکھیے (جواب زیادہ سے زیادہ سوالفاظ پر مشتمل ہو۔) 3×2=6

(i) مولانا آزاد کی بہ حیثیت مکتوب نگار پیش کیجیے۔

(ii) رشید احمد صدیقی کی خاکہ نگاری کا مختصراً جائزہ لیجیے۔

(iii) "غور کیجیے تو اس کارگاہِ عمل کے ہر گوشہ کی قدم رانیاں ہمیشہ اسی ایک قدم کے انتظار میں رہا کرتی ہیں"۔ اس جملے کی وضاحت کیجیے۔

(iv) خاکہ "محمد علی" کا خلاصہ مختصراً اپنی زبان میں لکھیے۔

### POETRY

8 درج ذیل سے کسی دوسوالوں کے جواب لکھیے۔ جواب زیادہ سے زیادہ سوالفاظ پر مشتمل ہو۔ 3×2=6

(i) غالب کی غزل گوئی کا اجمالی جائزہ لیجیے۔

(ii) فیض کی نظم نگاری سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(iii) نظم "زندگی" یا "مجھ سے پہلی سی محبت"... کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

(iv) کسی ایک شعر کی تشریح شاعر کے حوالے سے کیجیے:

(الف) منزلِ نما تھیں میرے لیے سب رکاوٹیں
ہر سنگِ راہ مجھ کو ترا آستاں ہوا

(ب) ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے

-9 درج ذیل رباعی/اشعار کی تشریح کیجیے (کوئی ایک) 4×1=4

(i) کوشش میں ہے شرطِ ابتدا انسان سے
پھر چاہیے مانگے مدد یزدان سے
جب تک کہ کام دست و بازو سے لیا
پائی نہ نجات نوح نے طوفان سے

(ii) آنکھوں سے عزیز گل تھا میرا
پتلی وہی چشمِ حوض کا تھا
نام اس کا صبا نہ لیتی تھی میں
اس گل کو ہوا نہ دیتی تھی میں

### FICTION

-10 درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے: (جواب زیادہ سے زیادہ سوالفاظ پر مشتمل ہو۔) 3×1=3

(i) پریم چند کی افسانہ نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(ii) " کیسا برا رواج ہے کہ جسے جیتے جی تن ڈھانکنے کو چیتھڑا بھی نہ ملے، اسے مرنے پر کھپن چاہیے"۔
اس جملے کی وضاحت سیاق وسباق کے حوالے سے کیجیے۔

## HISTORY OF URDU LITERATURE

11- درج ذیل سے کسی ایک کا جواب لکھیے: (جواب زیادہ سے زیادہ سو الفاظ پر مشتمل ہو)۔ 3×1=3

(i) ترقی پسند تحریک سے متعلق اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(ii) ترقی پسند تحریک نے اردو ادب پر کیا اثرات مرتب کیے؟ وضاحت کیجیے۔

## GRAMMAR

12- درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب ہدایت کے مطابق لکھیے: 3×1=3

(i) کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے

(الف) قومی ہم آہنگی: وقت کی اہم ضرورت

(ب) گلوبل وارمنگ: اسباب اور حل

(ii) کسی اخبار کے ایڈیٹر کے نام خط لکھیے جس میں مائکروفون کے بے جا استعمال پر اظہارِ خیال کیجیے۔